05/04/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ مسرت شاہ سے خبریں سُنیے۔

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریند ر مودی جو کہ سری لنکا کے تین روزہ دورے کے سلسلے میں کل شام کولمبو پہنچ گئے آج سری لنکا کی اعلیٰ قیادت کے ساتھ باہمی تعلقات کے مختلف امور پربات چیت کر رہے ہیں ۔وزیر اعظم کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا بھی افتتاح کرینگے۔دونوں ممالک کے درمیان دفاع اور توانائی کے شعبوں سمیت دیگرکئی اہم سیکٹروں مینمعاہدوں پر دستخط ہونے کی امید ہے۔

PMؐ

اجلاس کے حاشیے میں نیپا ل کے وزیر اعظم BIMSTECمیں چھٹے Bangkok وزیر اعظم نے کل کے پی شرما اولے کے ساتھ میٹنگ کی۔ میٹنگ میں بھارت ۔نیپال دوستی کے مختلف پہلوجن میں توانائی ، رابطے ، کلچر اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجی خاص طور سے شامل ہیں پر تبادلہ خیال کیا گیا ۔دونوں لیڈروں نے میٹنگ کوکافی سود مند قرار دیا۔

صدر جمہوریہ

صدر جمہوریہ درو پدی مرمو نے امیگریشن اور غیر ملکی افراد سے متعلق بل 2025کو منظوری دیدی ہے۔اس قانون کا مقصد امیگریشن سے متعلق قوانین کو جدید شکل دینا ہے اور اس میں مرکزی حکومت کو پاسپورٹ، سفر سے متعلق دستاویزات ، ویزا اور رجسٹریشن کے سلسلے میں کچھ اختیارات دینے کے انتظامات رکھے گئے ہیں۔

واضح رہے بل کو پارلیمنٹ نے اس ہفتے کے شروع میں منظوری دیدی تھی ۔

امت شاہ

وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ درخشاں گاؤں سے متعلق پروگرام ملک کے سرحدی گاؤں کوپید وار اور ترقی کے مراکز میں یکسر تبدیل کرنے میں ایک گیم چینجنگ وسیلہ رہا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے اس پروگرام کی منظوری کے مرکزی کابینہ کے کل کے فیصلے کا ذکر کیاہے ۔ انہوننے کہا کہ اس پروگرام کی بدولت سرحدی گاؤں میں پائیدار روزی روٹی، طرز زندگی کے اعلیٰ معیارات اور جامع سیکورٹی کو حاصل کیاجاسکتاہے۔

بادام واری

وادی مینان دنوں سیاحتی سیزن اپنے جوبن پر ہے اور سیاح خوبصورت سیاحتی مقام کی سیرکرکے فطرت کے خوبصورت نظاروں سے لطف اندوز ہو رہے ہیں۔ سرینگر مینبادام واری فیسٹول 2025منعقد کیاگیا ۔Almond Blossom سیاحوں کیلئے دلچسپی کا ایک مرکز ہے جہاں کل

ٹولپ گارڈن

ادھر ٹولپ گارڈن میں بھی سیاحوں کا کافی رش دیکھا جا رہا ہے ۔ جہاں مقامی ، ملکی اور غیر ملکی سیاح گلہ لالہ کے نظاروں کا لطف اٹھا رہے ہیں۔26مارچ کو باغ کھولے جانے سے ا ب تک 2لاکھ 70ہزار سے زیادہ سیاحوں نے باغ گلہ لالہ کی سیر کی ہے۔

جتندر سنگھ

میں پہلا ٹولپ گارڈن ایک اہم سیاحتی مقام بن گیا ہے Sanasar جموں صوبے کے رام بن ضلع میں ۔ وزیر اعظم کے دفترمیں وزیر مملکت ڈاکٹر جتندر سنگھ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ اس باغ میں 25مختلف اقسام کی تقریباًڈیڑھ لاکھ ٹولپ لگائے گئے ہیں اور یہ ملک بھرکے سیاحوں کیلئے پرکشش بن گیا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ اس اقدام سے خطے میں سیاحتی صلاحیت کومزید فروغ مل رہاہے۔

سریش کمار

پرنسپل چیف کنزر ویٹر فارسٹ سریش کمار گپتا نے جموں کشمیر کی ایگزیکٹو کمیٹی کی 36ویں میٹنگ کی صدارت کی جس دوران مالی سال 2024-25کے سالانہ آپریشنل پلان پر عمل آوری اسکیم کے تحت منصوبے ترتیب دیئے CMP کاجائزہ لیا گیا۔میٹنگ میں مالی سال 2025-26کیلئے گئے ۔چیف کنزر ویٹر نے متعلقہ افسروں کو شجر کاری اور جنگلات اراضی کے تحفظ کے علاوہ دیگر متعلقہ امور پر توجہ دینے کیلئے کہا۔

ریل

شمالی ریلوے آج سے جموں کشمیر میں بانہال سے بڈگام تک وستا ڈوم اسپیشل ریل چلارہا ہے۔ یہ ریل سروس رواں سال کی 30جون تک جاری رہے گی۔ ٹرین جمعہ کے بغیر ہفتے میں چھ روز چلا کر گی ۔

یہ ٹرین بڈگام سے صبح8بجکر35منٹ پر سفر شروع کیاکرے گی اور صبح 10بجکر40منٹ پربانہال پہنچے گی۔ سرینگر ، اونتی پورہ ،اننت ناگ اور قاضی گنڈمیں ٹرین کے سٹاپ ہوں گے۔

عالمی دن

آج ضمیر کا بین الاقوامی دن ہے ۔یہ دن ہر سال پانچ اپریل کو منایا جاتا ہے۔ ضمیر کا بین الاقوامی دن عالمی امن ، قوت برداشت اور باہمی احترام کے حصول میں ایک رہنماقوت کے بطور ضمیر کے اہم کردار کو اجا گر کرتا ہے۔

سمندر

آج سمندر میں سرگرمیوں کا قومی دن بھی منایاجا رہا ہے ۔ یہ دن ملک کی معیشت ، دفاع اور تجار ت کے شعبوں مینبحریہ میں صنعت کے اہم رول کو تسلیم کرنے کیلئے ہر سال پانچ اپریل کو منایاجا تاہے۔

مبارکباد

ورلڈ کپ میں خواتین ISSFمینمنعقدہBuenos-Aires نے ارجنٹنا کے Samra کورSift بھارت کی کے 50میٹر رائفل 3پوزیشنز ایونٹ مینسونے کاتمغہ حاصل کیا ہے ۔ جبکہ ڈوڈہ سے تعلق رکھنے والے بھارتی فوج کے شوٹر چین سنگھ نے مردوں کے اسی طرح کے ایونٹ میں کانسے کا تمغہ جیت لیا ہے۔وزیر اعظم کے دفترمیں وزیر مملکت ڈاکٹر جتندر سنگھ نے ایک سوشل میڈیاپوسٹ میں اس کامیابی پر چین سنگھ کومبارکباد دی ہے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ